سوال

(116) نماز میں آنکھیں بند کرلینا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ نماز پڑھتے وقت اپنی آنکھیں بند کرلیتے ہیں، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

دوران نماز آنکھیں بند کرلینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ نہیں ہے، بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے وقت اپنی نظر سجدے کی جگہ پر رکھتے تھے، اسی طرح جب تشہد بیٹھتے تو آپ دعا کرتے وقت اپنی نظر انگلی کے اشارہ کی طرف رکھتے تھے، چنانچہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر آپ کے اشارے سے تجاوز نہیں کرتی تھی۔ [1]

اس حدیث کی رو سے نمازی، دوران نماز اپنی آنکھیں بند کرنے کی بجائے انہیں کھلا رکھے، آنکھیں بند کرنے کا عمل کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ (واللہ اعلم)

---

[1] ابوداود، الصلوٰۃ: ۹۹۰۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد3۔ صفحہ نمبر 124